— تین گُنی مایا —

تین گُنی مایا اس لئے کہا جاتا ہے۔ کیونکہ مایا کے ساتھ
سمبندھ رکھنے والی ہر ایک بات کے تین حصّے ہوتے ہیں۔ سب
سے پہلے دُنیائیں ہی لے لیں۔ تین دُنیائیں ہوتی ہیں۔ 1۔ لوک
یعنی فرشی دُنیا (Secular world) - 2 - پرلوک یعنی عرشی دُنیا (
Ecclesiastical World) - 3 - برھم لوک یعنی سچّی دُنیا (
Celestial World) - چونکہ برھم لوک میں مایا کا دخل نہیں
ہوتا۔ اِسلئے اسکے آگے تین حصّے نہیں ہوتے۔ نہ دو حصّے ہوتے ہیں۔
یہاں صرف ایک روپ ہوتا ہے۔ یہاں کے باشندوں کو سنت سادھو
یا عارف کہتے ہیں۔ ان کے ٹھکانے مخصوص نہیں ہوتے۔ یہ حاضر ناظر
ہوتے ہیں۔ دُنیاوی یعنی فرشی یا مقابلتاً جھوٹی دُنیا کے و روحانی
یعنی عرشی دُنیا یا مقابلتاً سچّی دُنیا کے تین تین حصّے ہوتے ہیں۔ اسی
لئے تین تین الفاظ آتے ہیں۔ مثلاً سُر نر اسُر (؟) - تن من دھن -
رجو تمو ستو - لڑکے لڑکیاں ہیجڑے - نانکے دادکے سُسرے - گُرمکھ
من مکھ بے مکھ - پراوپکاری آپ سوارتھی سوارتھ دار - سیانا بے ایمان مورکھ -
خالصہ سکھ ہندو - دیا سنتوکھ ست - یعنی بُدھی من اور تن انکے بارے تین
الفاظ آئینگے۔ جیسے تن کو دُکھ ہوتا ہے۔ من کو دُکھ نہیں ہوتا لیکن بھے ہوتا ہے
اور بُدھی کو نہ دُکھ ہوتا ہے نہ بھے بُدھی کو بھو ہوتا ہے۔ برھم روپ نربھو ہوتا
ہے۔ اِسی طرح پریت موہ پیار پریم - غصّہ کرودھ غیرت اور
برھم روپ کو جلال ہوتا ہے۔ وغیرہ - تن پرگٹ کرنے کیلئے چوتھا لفظ برھم
روپ کے لئے ہوتا ہے۔ اِسی لئے تین دنیاوی روپ استھول - سوکھشم اور
کارن اور چوتھا برھم روپ - ان آتمک اوستھاؤں کو ہوش من بُدھی اور
چت کہتے ہیں۔ انکے ماتحت حسب ذیل ہیں۔ ہوش کے ماتحت پانچ
تت ہیں۔ من کے ماتحت پانچ گیان اندرے بُدھی کے ماتحت پانچ کرم اندرے
اور چت کے ماتحت چھے (6) خود بخود کام کرتے ہے۔ چت یعنی پرآتما کی استری
نہیں ہوتی یہ پرماتما سے شادی کراتی ہے (؟) - بُدھی کی استری من - من
کی ہوش جسکی تن جو جسم سے ملتا ہے۔ اور تن جو کہ پُرش ہے کی استری
عورت۔ اسی لئے ان انسان کے کرانے والی چاروں شادیوں کے لئے چار
لاویں ہوتی ہیں۔ اسی طرح چار آشرم چار ورن۔ چار وید۔ اور چار ہی سچے تخت